3 اگست 2016ء

اسٹیٹ بینک نے کنزیومر فنانسنگ کے لیے نظرثانی شدہ پروڈینشل ریگولیشنز جاری کردیے

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے کنزیومر فنانسنگ کے لیے پروڈینشل ریگولیشنز پر نظرثانی کرلی ہے۔ اس کا مقصد کنزیومر فنانسنگ کو مستحکم اور منصفانہ انداز میں فروغ دینا ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کے استحکام کو بھی یقینی بنانا ہے۔ نظرثانی شدہ ضوابط میں بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کو ان کے متحرک کاروباری ماحول کے مطابق فیصلہ سازی میں زیادہ اختیارات دیے گئے ہیں۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک کاروبار کے بدلتے ہوئے ماحول اور عمدہ بین الاقوامی روایات کے ساتھ خود کو ہم آہنگ رکھنے کی غرض سے وقتاً فوقتاً اپنے ضوابطی فریم ورک کا جائزہ لیتا ہے۔

ان ضوابط کے تحت بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کو دیگر امور کے ساتھ ساتھ یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ اہم اصطلاحات کی ایک مشترکہ فرہنگ (common glossary) تیار کریں اور قرضوں کے حوالے سے اپنی دستاویزات میں تمام بینک یہی اصطلاحات استعمال کریں گے۔ اہم اصطلاحات کے مشترک ہونے سے نہ صرف شرائط وضوابط منکشف کرنے کے تقاضے پورے ہوں گے بلکہ عام لوگوں کو بھی یہ سہولت ہوگی کہ وہ قرضے کی شرائط کو اچھی طرح سمجھ لیں اور وہ مختلف بینکوں کے قرضوں کی پیشکشوں کا زیادہ بہتر طریقے سے باہمی موازنہ کرسکیں گے۔

بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کو یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ کنزیومر فنانسنگ کی تمام مصنوعات میں قرضے کی امتیازی قیمت بندی متعارف کرانے کا جائزہ لینا شروع کریں جس میں دوسری چیزوں کے علاوہ قرضہ مصنوعات کی خصوصیات، قرض لینے والوں کے رسک کے تجزیے، بروقت باقاعدہ ادائیگیوں اور مثالی رویے کے حوالے سے نظر رکھی جائے۔

بینک/ترقیاتی مالی ادارے کنزیومر فنانسنگ پورٹ فولیو کا ایک عمومی پرویژن (provision) برقرار رکھتے ہیں تاکہ خود کو اس کاروبار سے منسلک خطرات سے بچا سکیں جن کی نوعیت معاشی دورانیے پر منحصر ہوتی ہے۔ نظرثانی شدہ ضوابط میں مختلف سطحوں پر مبنی پرویژن کے عمومی تقاضے متعارف کرائے گئے ہیں جنہیں بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کے غیر فعال قرضوں کے خام تناسب سے منسلک کیا گیا ہے۔ ان ضوابط میں، غیر فعال قرضوں کا پست خام تناسب رکھنے والے بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کو ترغیبات دی گئی ہیں تاکہ وہ رسک سے بہتر طور پر نمٹنے کا انتظام کریں۔

بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کو نئے یا نظرثانی شدہ ضوابط کی مکمل تعمیل کے لیے چھ ماہ کا وقت دیا گیا ہے۔

****